ابتہال" نام رکھنا

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3257

تاریخ اجراء: 06 جمادی الاولیٰ 1446ھ / 09 نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

لڑکی کا نام ابتہال رکھنا کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

ابتہال نام رکھ سکتے ہیں کہ اس کے معنی ہیں: "گڑ گڑا کر اور پوری کوشش کر کے دعا کرنا وغیرہ۔" اور یہ معنی درست ہیں۔ البتہ! مستحب یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنهن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

حجۃ الوداع کے دن عرفات کے میدان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جو دعا رب کریم کی بارگاہ میں فرمائی اس میں ابتہال یعنی رب کی بارگاہ میں گڑگڑانے کے الفاظ شامل ہیں جیسا کہ جامع الکبیر کی حدیث کا جز ہے:

"**وأبتهل إليك**" ترجمہ (اے اللہ) تیرے آگے گڑگڑاتا ہوں۔ (جامع الکبیر، جلد 03، صفحہ 501، بیروت)

معجم اللغة العربية المعاصرة میں ابتہال کا معنی ہے: ابتهلوا الى اللہ ای تضرّعوا واجتهدوا في الدّعاء "یعنی گڑگڑائیں اور دعا میں کوشش کریں۔ (کتاب معجم اللغة العربية المعاصرة، جلد 01، صفحه 256، بیروت)

سنن ابو داؤد شریف میں حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "أنكم تدعون يوم القيامة بأسمائكم وأسماء آبائكم، فأحسنوا أسمائكم" ترجمہ: قیامت کے دن تم اپنے ناموں اور اپنے آباء کے ناموں سے پکارے جاؤگے، اس لئے اپنے نام اچھے رکھا کرو۔ (سنن ابو داؤد، باب فی تغییر الاسماء، رقم: 4948، ص 1250، دار ابن کثیر، بیروت)

اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "حدیث سے ثابت کہ محبوبانِ خدا انبیاء واولیاء علیھم الصلوۃ والثناء کے اسمائے طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ ان کے مخصوصات سے نہ ہو۔" (فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ685، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

نوٹ: نام رکھنے کے حوالے سے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کریں اس میں بہت سے اچھے نام بھی آپ کو مل جائیں گے۔ کتاب ڈاؤن لوڈ کرنے کا لنک درج ذیل ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net